Maulana Azad National Urdu University

M.A : Islamic Studies, III Semester Examination, January 2021

Paper - MAIS311DST : Muslim Contributions to Sciences and Arts

پرچہ: علوم وفنون میں مسلمانوں کی خدمات

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) ترجمہ کے کام میں شریک مشہور خاندانوں میں ذیل میں سے کون خاندان نہیں ہے؟

a) آل بختیشوع　b) آل ماسرجویہ　c) آل حنین　d) آل مروان

(ii) ذیل میں سے کون سی کتاب زکریا رازی کی تصنیف نہیں ہے؟

a) کتاب التصریف　b) کتاب المنصوری　c) طب الملوکی　d) کتاب الحاوی

(iii) ذیل میں سے کون ابن سینا ثانی کہلاتے ہیں؟

a) ابولقاسم زہراوی　b) ابن النفیس　c) زکریا رازی　d) کوئی نہیں

(iv) مائیکل سرویٹس کی طرف منسوب دوران خون کا نظریہ اس سے کافی پہلے کس نے پیش کردیا تھا؟

a) ابن سینا　b) ابن النفیس　c) ابن زہر　d) ابن رشد

(v) مشہور سائنسداں ابن البیطار کس فن کے ماہر شمار کئے جاتے ہیں؟

a) حیوانیات　b) طب　c) نباتات　d) ریاضیات

(vi) ان میں صحیح تاریخی ترتیب کون سی ہے؟

a) البتانی،ابن یونس،الغ بیگ　b) ابن یونس،البتانی،الغ بیگ

c) البتانی،الغ بیگ،ابن یونس　d) الغ بیگ،البتانی،ابن یونس

(vii) حسن ابن الہیثم کو کیا لقب دیا گیا ہے؟

a) فادر آف فزکس　b) معلم ثانی　c) بطلیموس الثانی　d) شارح ارسطو

(viii) الغ بیگ نے فلکیاتی مشاہدات کے لئے رصدگاہ کہاں تعمیر کرائی تھی؟

a) سمرقند　b) شماسیہ　c) مراغہ　d) قاہرہ

(ix) نزہتہ المشتاق فی اختراق الآفاق نامی کتاب کے مصنف کون ہیں؟

a) ابن خردازبہ　b) ابن حوقل　c) ابوعبداللہ مقدسی　d) ابوعبداللہ ادریسی

(x) ابونصر فارابی کا تعلق کس خطہ سے ہے؟

a) مغربی ایشیا　b) جنوبی ایشیا　c) وسط ایشیا　d) شمالی افریقہ

حصہ دوم

(2) عہد اسلامی میں ترجمہ کی تحریک پر ایک مضمون لکھیے۔

(3) فن طب میں زکریا رازی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

(4) فلکیات اور ریاضیات میں مسلم سائنسدانوں کی خدمات بیان کیجیے۔

(5) جغرافیہ کے موضوع پر مسلم علماء کی کتابوں کا تعارف کرائیے۔

(6) خطاطی کے ارتقاء پر گفتگو کرتے ہوئے یاقوت مستعصمی کے کاموں پر روشنی ڈالیے۔

(7) کیمیا کے میدان میں جابر بن حیان کی خدمات کو اجاگر کیجیے۔

(8) زیج کی کتابوں کا تعارف کراتے ہوئے البتانی کی خدمات پر خصوصی روشنی ڈالیے۔

(9) طب کے میدان میں ابن سینا کی خدمات اور تصنیفات پر ایک مضمون لکھیے۔

حصہ سوم

(10) عہد اسلامی میں عقلی اور سائنسی علوم کے ارتقا اور اس کے اسباب کا جائزہ لیجیے۔

(11) کیلنڈروں کی تیاری کے مختلف نمونوں کا ذکر کرتے ہوئے عمر خیام کے تقویم کی نوعیت اور اہمیت واضح کیجیے۔

(12) اسلامی عہد زریں میں فلکیاتی مشاہدات اور رصدگاہوں کی تعمیر پر مفصل گفتگو کیجیے۔

(13) فن طب میں مسلم اطبا کی تصنیفات کا تعارف کراتے ہوئے ان کی اہمیت اور معنویت بیان کیجیے۔

(14) ابوعبداللہ ادریسی کے خصوصی حوالے سے مسلم ماہرین جغرافیہ کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆